# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON POVERTY ALLEVIATION AND SOCIAL SAFETY DIVISION ON BILL TITLED "PAKISTAN BAIT-UL-MAL (AMENDMENT) ACT, 2021 (PRIVATE MEMBER'S BILL)

I, Chairperson of the Standing Committee on Poverty Alleviation and Social Safety Division have the honour to present this report on the Bill further to amend the Pakistan Bait-ul-Mal Act, 1992 [Pakistan Bait-ul-Mal (Amendment) Act, 2021] (Private Member's Bill), referred to the Standing Committee on 13th July 2021.

2. The Committee comprises the following:

| | | |
|---|---|---|
| 1. | **Ms. Saira Bano** | **Chairperson** |
| 2. | Mr. Sajid Khan | Member |
| 3. | Mr. Fakhar Zaman Khan | Member |
| 4. | Malik Sohail Khan | Member |
| 5. | Mr. Sadaqat Ali Abbasi | Member |
| 6. | Ch. Muhammad Hamid Hameed | Member |
| 7. | Malik Umar Aslam Khan | Member |
| 8. | Ch. Muhammad Shahbaz Babar | Member |
| 9. | Sardar Talib Hassan Nakai | Member |
| 10. | Syed Abrar Ali Shah | Member |
| 11. | Mr. Zulfiqar Ali Behan | Member |
| 12. | Syed Mehmood Shah | Member |
| 13. | Ms. Shagufta Jumani | Member |
| 14. | Mr. Lal Chand | Member |
| 15. | Ms. Kiran Imran Dar | Member |
| 16. | Ms. Syma Nadeem | Member |
| 17. | Ms. Nuzhat Pathan | Member |
| 18. | Ms. Seema Mohiuddin Jameeli | Member |
| 19. | Ms. Aliya Hamza Malik | Member |
| 20. | Mrs. Farukh Khan | Member |
| 21. | Minister In-Charge, Poverty Alleviation and Social Safety Division | Ex-Officio Member |

3. The Standing Committee on Cabinet Secretariat considered the Bill in its meetings held on 1st September 2021, 13th & 14th October 2021 and 24th November 2021, and referred the Bill for further discussion to the Standing Committee on Poverty Alleviation and Social Safety Division.

4. The Standing Committee on Poverty Alleviation and Social Safety Division considered the Bill, as introduced in the National Assembly, placed at Annex-'A', in its meeting held on 28th January 2022. The Committee recommends that the Bill as introduced, may not be passed by the National Assembly.

| | |
|---|---|
| Sd/- | Sd/- |
| **(TAHIR HUSSAIN)** | **(SAIRA BANO)** |
| Secretary | Chairperson |

Islamabad, the 4th August, 2022

Annex-A

[AS REPORTED BY THE COMMITTEE]

BILL

further to amend the Pakistan Bait-ul-Mal Act, 1992

Whereas it is expedient further to amend the Pakistan Bait-ul-Mal Act, 1992 (I of 1992), for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:

1. **Short title and commencement.** – (1) This Act may be called the Pakistan Bait-ul-Mal (Amendment) Act, 2021.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 2, Act I of 1992.** –, In the Pakistan Bait-ul-Mal Act, 1992 (I of 1992), hereinafter referred to as the said Act, in section 2, in paragraph (d), the word "and" occurring at the end shall be omitted and after paragraph (d), the following new paragraph (e), shall be inserted and the existing paragraph (e), shall be re-numbered as paragraph (f):-

"(e) "fatal disease" means Cancer, Hepatitis-C, Heart disease, Renal failure, Cirrhosis, systemic Lupus Erythromatosis (SLE) and Naegleria Fowleri; and

3. **Insertion of section 4-A, Act I of 1992.** – In the said Act, after section 4, the following new section 4-A shall be inserted ,namely:

"**4-A. The Board to conduct meetings.**- (1) The Board shall annually conduct survey in the country to find out indigent sick persons suffering from fatal diseases.

(2) The Board shall in a special meeting select at least four patients every year to provide urgent financial assistance and the Board shall bear all the expenses to be incurred on medical treatment of such patients treated in the country.

(3) In case medical treatment is not available in the country and if it is certified by a Medical Board, as constituted by the Board, keeping in view the nature of disease, that the patient is required to be sent abroad for his medical treatment, the Board shall bear all medical, travelling, lodging and expenses of one person accompanying as attendant of the patient from the account of Bait-ul-Mal.".

**STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS**

As per Constitution it is incumbent upon the State to provide basic necessities of life including health to all citizens and to protect their lives, such amendment is very much material and pertinent to save lives of the needy, poor people and other persons who are suffering from fatal disease and unable to arrange heavy cost for their medical treatment in the country or abroad.

2. The Bill seeks to achieve the aforesaid objective.

**Sd/-**
**MR. NAVEED AAMIR JEEVA,**
**Member, National Assembly**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

**بل بعنوان "پاکستان بیت المال (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۱ء (نجی رکن کا بل)" پر قائمہ کمیٹی برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ ڈویژن کی رپورٹ۔**

میں، چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ ڈویژن ۱۳ر جولائی، ۲۰۲۱ء کو قائمہ کمیٹی کے سپرد کردہ پاکستان بیت المال ایکٹ، ۱۹۹۲ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [پاکستان بیت المال (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۱ء] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتی ہوں۔

۲۔ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | محترمہ سائرہ بانو | چیئرپرسن |
| ۲۔ | جناب ساجد خان | رکن |
| ۳۔ | جناب فخر زمان خان | رکن |
| ۴۔ | ملک سہیل خان | رکن |
| ۵۔ | جناب صداقت علی عباسی | رکن |
| ۶۔ | چوہدری محمد حامد حمید | رکن |
| ۷۔ | ملک عمر اسلم خان | رکن |
| ۸۔ | چوہدری محمد شہباز بابر | رکن |
| ۹۔ | سردار طالب حسین نکئی | رکن |
| ۱۰۔ | سید ابرار علی شاہ | رکن |
| ۱۱۔ | جناب ذوالفقار علی بیہن | رکن |
| ۱۲۔ | سید محمود شاہ | رکن |
| ۱۳۔ | محترمہ شگفتہ جمانی | رکن |
| ۱۴۔ | جناب لال چند | رکن |
| ۱۵۔ | محترمہ کرن عمران ڈار | رکن |
| ۱۶۔ | محترمہ صائمہ ندیم | رکن |
| ۱۷۔ | محترمہ نزہت پٹھان | رکن |
| ۱۸۔ | محترمہ سیما محی الدین جمیلی | رکن |
| ۱۹۔ | محترمہ عالیہ حمزہ ملک | رکن |
| ۲۰۔ | محترمہ فرخ خان | رکن |
| ۲۱۔ | وزیر انچارج، تخفیف غربت و سماجی تحفظ ڈویژن | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ نے یکم ستمبر، ۲۰۲۱ء، ۱۳ر اور ۱۴ر اکتوبر، ۲۰۲۱ء اور ۲۴ر نومبر، ۲۰۲۱ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں بل پر غور کیا اور مزید بحث کے لئے مذکورہ بل قائمہ کمیٹی برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ ڈویژن کے سپرد کر دیا۔

۴۔ قائمہ کمیٹی برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ ڈویژن نے ۲۸ر جنوری، ۲۰۲۲ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں منسلکہ۔'الف' پر موجود قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا۔ کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ قومی اسمبلی پیش کردہ بل کی منظوری نہ دے۔

دستخط/۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری

دستخط/۔
(سائرہ بانو)
چیئرپرسن

اسلام آباد، ۱۸ر اگست، ۲۰۲۲ء

مسلکہ الف

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

پاکستان بیت المال ایکٹ 1992ء میں مزید ترمیم کرنے کا

بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعدازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے پاکستان بیت المال (ایکٹ نمبر 1 مجریہ 1992ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

1۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ۔** (1) یہ ایکٹ پاکستان بیت المال (ترمیمی) ایکٹ، 2021ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(2) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

2۔ **ایکٹ نمبر 1 مجریہ 1992ء، دفعہ 2 کی ترمیم:۔** پاکستان بیت المال ایکٹ، 1992ء میں، جس کا بعدازیں مذکورہ ایکٹ کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، دفعہ 2 میں، شق (د) میں، آخر میں آنے والا لفظ ''اور'' حذف کر دیا جائے گا، اور دفعہ (د) کے بعد، حسب ذیل نئی دفعہ (ہ) شامل کر دی جائے گی اور موجودہ دفعہ (ہ) کو (و) کے طور پر دوبارہ شمار کیا جائے گا، یعنی:۔

''(ہ) ''مہلک بیماری'' سے کینسر، ہیپاٹائٹس۔سی، امراض قلب، گردوں کا ناکارہ ہونا، جگر کا سکڑ جانا، سسٹیمک لیوپس اری تھرومیٹوسس (ایس ایل ای) اور نیگلیریا فاؤلری مراد ہے؛ اور''۔

3۔ **ایکٹ نمبر 1 مجریہ 1992ء، نئی دفعہ 4۔الف کی شمولیت:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ 4 کے بعد، درج ذیل نئی دفعہ 4۔الف شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

''**4۔الف بورڈ اجلاسوں کا اہتمام کرے گا:۔** (1) بورڈ ملک میں مہلک بیماریوں میں مبتلا بیمار مفلس افراد کا پتہ چلانے کے لیے، سالانہ سروے کا اہتمام کرے گا۔

(2) بورڈ ایک خصوصی اجلاس میں ہر سال ہنگامی مالی امداد فراہم کرنے کے لئے کم از کم چار مریضوں کو منتخب کرے گا یا بورڈ ایسے مریضوں کے ملک میں طبی علاج پر اٹھنے والے تمام اخراجات برداشت کرے گا۔

(3) طبی علاج ملک میں دستیاب نہ ہونے کی صورت میں اور بیماری کی نوعیت کو پیش نظر رکھتے ہوئے بورڈ کے تشکیل کردہ میڈیکل بورڈ کی جانب سے یہ تصدیق کی جائے کہ مریض کو اس کے طبی علاج کے لئے ملک سے باہر بھیجنے کی ضرورت ہے تو بورڈ تمام طبی، سفری، قیام نیز مریض کے ہمراہ بطور تیمار دار ایک فرد کے اخراجات بیت المال کے اکاؤنٹ سے برداشت کرے گا''۔

## بیان اغراض و وجوہ

دستور کے مطابق ریاست پر لازم ہے کہ وہ تمام شہریوں کو صحت سمیت زندگی کی بنیادی ضروریات فراہم کرے اور ان کی زندگیوں کو محفوظ بنائے، ایسی ترمیم نادار اور غریب لوگوں اور ایسے دوسرے لوگوں کی زندگیاں بچانے کے لئے ضروری اور مناسب ہے جو مہلک بیماری میں مبتلا ہیں اور ملک کے اندر یا باہر اپنے طبی علاج کے لئے بھاری اخراجات کے انتظام سے قاصر ہیں۔

2۔ بل کا مقصد متذکرہ بالا مقاصد کا حصول ہے۔

دستخط/۔

جناب نوید عامر جیوا،

رکن، قومی اسمبلی۔